# مولانا شيخ محمد عادل رباني

**رحمۃ للعالمین**

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته. أعوذ بالله من الشيطان الرجيم. بسم الله الرحمن الرحيم. الصلاة والسلام على رسولنا محمد سيد الأولين والآخرين. مدد يا رسول الله، مدد يا ساداتي أصحاب رسول الله، مدد يا مشايخنا، دستور مولانا الشيخ عبد الله الفائز الداغستاني، شيخ محمد ناظم الحقاني، مدد. طريقتنا الصحبة والخير في الجمعية.

بسم الله الرحمن الرحيم

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ

(۲۱:۱۰۷). "اور ہم نے آپ کو، [اے محمد ﷺ]، تمام جہانوں کے لئے صرف رحمت بنا کر بھیجا ہے۔"

شکر ہے اللہ ﷻ کا، آج ماہِ ربیع الاول کا پہلا دن ہے۔ یہ ہم سب پر برکت والا اور خیر والا ہو۔ ماہِ صفر کے بعد، انشاءاللہ، یہ راحت کا سبب ہو۔ صفر کا مہینہ اس سال کافی مشکل گزرا؛ یہ بہت بھاری تھا۔ اس کا سارا بوجھ اس (ربیع الاول) کی آمد سے اٹھ جائے گا، انشاءاللہ۔

یہ مہینہ لوگوں کے لئے راحت کا سبب ہوگا۔ یہ خیر کا ذریعہ، رہنمائی کا سبب ہوگا۔ کیونکہ اللہ عزوجل نے ہمارے رسول ﷺ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت کے طور پر بھیجا ہیں۔ تاکہ ہر کوئی آپ ﷺ سے فائدہ اٹھا سکے، آپ ﷺ کے قریب آ سکے اور آپ ﷺ کی پیروی کر سکے۔ اللہ عزوجل نے قرآن عظیم الشان دیا، بہت سارے معجزات اور خاص تحفے عطا کئے ان لوگوں کو جو آپ ﷺ کی پیروی کرتے ہیں، جو دوسری قوموں کو نصیب نہیں ہوئے۔ ہمارے رسول ﷺ کی شان اللہ ﷻ کے نزدیک بہت بلند ہے۔ آپ ﷺ کی قدر بہت عظیم ہے۔ ہم پر فرض ہے کہ ہم آپ ﷺ کی تعظیم کریں۔

ہماری زندگی میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم اللہ عزوجل کی رضا اور محبت حاصل کریں۔ یہی ہیں جو دائمی ہیں۔ یہی وہ ہیں جو قیمتی ہیں۔ جو کچھ بھی دنیا میں ہے، وہ بالکل بےکار ہے۔ نہ صرف [دنیا میں] ایک جگہ، بلکہ پوری دنیا کی کوئی قیمت نہیں ہے، انسان اسے چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ جو اصل میں قیمتی ہے، وہ آخرت ہے۔ جو ہمارے رسول ﷺ سے محبت رکھتے ہیں، وہ آپ ﷺ کے ساتھ ہوں گے۔ اور جو آپ ﷺ سے محبت نہیں رکھتے، پھر وہ سب کچھ کھونے والے ہیں۔

لیکن ہمارے رسول ﷺ کا دروازہ کھلا ہے۔ آپ ﷺ کسی کو واپس نہیں بھیجتے۔ آپ ﷺ ہر

# مولانا شیخ محمد عادل ربانی

کسی کو رحمت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں، 'آؤ، جنت میں داخل ہو جاؤ۔' مگر لوگ کہتے ہیں، 'نہیں، ہم نہیں چاہتے۔ ہم نہیں چاہتے۔ ہم دوزخ جانا چاہتے ہیں۔' پھر، وہ اپنے معاملات دیکھتے ہیں۔ لیکن جو عقل مند ہے، وہ اس فانی دنیا کو پسند نہیں کرتا، وہ آخرت کو ترجیح دیتا ہے۔

ہمارے رسول ﷺ کی پیروی کرنے والوں کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ پوری طرح دنیا سے الگ ہو جائیں اور کچھ نہ کریں۔ انہیں اللہ جل جلالہ کی بات اور ہمارے رسول ﷺ کے طریقے پر عمل کرنا چاہیے۔ ایسے لوگ دونوں، دنیا اور آخرت میں خوش رہیں گے۔

اللہ جل جلالہ ہم سب کو اپنے عزیز بندوں میں شامل کرے۔ کیونکہ ہمارے رسول ﷺ فرماتے ہیں، انسان انہی کے ساتھ ہوگا جسے وہ پسند کرتا ہے۔ ہمیں اچھے لوگوں سے محبت کرنی چاہیے تاکہ ہم آخرت میں ان کے ساتھ ہوں۔ بیکار لوگوں سے محبت کرنے سے کوئی فائدہ نہیں؛ صرف نقصان ہوتا ہے۔ آپ اپنا موقع گنوا دیتے ہیں۔ اللہ جل جلالہ ہماری حفاظت کرے۔ اللہ جل جلالہ ہمارے اِس مہینے پر اپنی برکت نازل فرمائے۔

و من اللہِ التوفیق۔ الفاتحہ۔

مولانا شیخ محمد عادل ربانی
۲۴ اگست ۲۰۲۵ / ۰۱ ربیع الاول ۱۴۴۷
نماز فجر – زاویة أکبابا، اسطنبول